سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 14

متن

ثروت اپنی دوست ماریہ کے ساتھ مارکیٹ گئیں۔ انہیں اپنے لیے کچھ کپڑے خریدنے تھے۔ وہ ایک اسٹور میں داخل ہوئیں جس میں مناسب قیمت میں اچھے کپڑے مل جاتے ہیں۔ ثروت کو وہاں گلابی رنگ کا ایک کرتا پسند آیا۔ انہوں نے ماریہ سے مشورہ مانگا۔ ماریہ نے انہیں بتایا کہ وہ کرتا ان پر اچھا لگے گا۔ اس کرتے کے علاوہ ثروت نے کچھ رنگین دوپٹے اور اسکارف بھی خریدے۔ اسی اسٹور میں انہیں اپنے بستر کے لیے ایک چادر بھی پسند آگئی۔ انہوں نے سب چیزیں اپنی دوست کے مشورے سے خریدیں۔ مشورہ کرنا اچھی بات ہے۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

ثروت اپنی ______ ماریہ کے ساتھ مارکیٹ گئیں۔ انہیں اپنے لیے کچھ ______ خریدنے تھے۔ وہ ایک ______ میں داخل ہوئیں جس میں مناسب ______ میں اچھے کپڑے مل جاتے ہیں۔ ثروت کو وہاں ______ رنگ کا ایک کرتا پسند آیا۔ انہوں نے ماریہ سے ______ مانگا۔ ماریہ نے انہیں بتایا کہ وہ کرتا ان پر اچھا لگے گا۔ اس کرتے کے ______ ثروت نے کچھ______ دوپٹے اور اسکارف بھی ______۔ اسی اسٹور میں انہیں اپنے بستر کے لیے ایک چادر بھی پسند آگئی۔ انہوں نے سب چیزیں اپنی دوست کے مشورے سے خریدیں۔ مشورہ کرنا ______ بات ہے۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے: (10)

ا۔ ثروت اپنی ______ ماریہ کے ساتھ مارکیٹ گئیں۔

پڑوسن　　　دوست　　　بہن

۲۔ انہیں ـــــــــ لیے کچھ کپڑے خریدنے تھے۔

اپنے امی کے لیے اسکول کے لیے

۳۔ وہ ایک ـــــــــ میں داخل ہوئیں۔

گلی دکان اسٹور

۴۔ اسٹور میں مناسب ـــــــــ میں اچھے کپڑے مل جاتے ہیں۔

حالت قیمت شکل

۵۔ ثروت کو وہاں ـــــــــ رنگ کا ایک کرتا پسند آیا۔

نیلے گلابی کاسنی

۶۔ انہوں نے ماریہ سے ـــــــــ مانگا۔

پرس فون مشورہ

۷۔ ماریہ نے انہیں بتایا کہ وہ کرتا ان پر ـــــــــ لگے گا۔

مناسب اچھا کیسا

۸۔ اس کرتے کے علاوہ ثروت نے کچھ اور ـــــــ کپڑے بھی خریدے۔

بیکار تیار اچھے

۹۔ انہوں نے کچھ ـــــــ دوپٹے، پاجامے اور اسکارف بھی خریدے۔

فالتو رنگین سادے

۱۰۔ انہوں نے سب کپڑے اپنی دوست کے ـــــــــ سے خریدے۔

پیسے خیال مشورے

سننے کی مشق کے بعد بات چیت

آپ اپنے کپڑوں کی خریداری کیسے کرتی ر کرتے ہیں ؟

مشورہ کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے ؟

****